سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ 1975

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1975

سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، 1975

THE SIND PEOPLE'S LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1975

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. 1972 کے سندھ آرڈیننس II کے شیڈول II کی ترمیم

Amendment of schedule II to Sind Ordinance II of 1972

3. پٹرول پمپ فیس کی توثیق

Validation of petrol pump fee

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ 1975

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1975

سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، 1975

THE SIND PEOPLE'S LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1975

[14 اکتوبر، 1975]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، 1972 میں مزید ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، 1972 میں مزید ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم)

آرڈیننس، 1975 کہا جائیگا۔ (2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔	Short title and commencement
2. (1) پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، 1972 کے شیڈول II میں "عوامی حفاظت" کے زیر تحت، پیراگراف 5 کی شق (2) میں: i. ذیلی شق (b) کے آخر میں آنیوالے لفظ "اور" کو ختم کیا جائے گا؛ ii. ذیلی شق (c) کے آخر میں آنیوالے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "اور" سے تبدیل کیا جائے؛ iii. ذیلی شق (c) کے بعد درج ذیل ذیلی شق (d) شامل کی جائے گی؛ " (d) کراچی میں کسی بھی احاطے میں کوئی بھی پیٹرول پمپ نہیں لگایا جائے گا اور کسی بھی میونسپلٹی کے میونسپل حدود میں، اگر کوئی دوسری میونسپلٹی ایسا فیصلہ کرتی ہے۔"	1972 کے سندھ آرڈیننس II کے شیڈول II کی ترمیم Amendment of schedule II to Sind Ordinance II of 1972
3. جب تک کچھ بھی کسی قانون کے برعکس نہ ہو۔ کراچی میونسپل کارپوریشن کی طرف سے لگائی گئی پٹرول پمپ فیس، وصول کردہ، جمع کردہ یا 16 اپریل 1960 سے اس آرڈیننس کے لاگو ہونے تک یا ارادہ کردہ فیس موثر طریقے سے لگائی گئی، وصول کردہ یا ادا کردہ سمجھی جائے گی جیسا بھی معاملہ ہو، اور جہاں ایسی فیس اس آرڈیننس کے لاگو ہونے سے پیشتر جمع کی گئی یا نہیں کی گئی، وہ سندھ پیپلز لوکل آرڈیننس گورنمنٹ آرڈیننس، 1972 (1972 کے سندھ	پٹرول پمپ فیس کی توثیق Validation of petrol pump fee

آرڈیننس II) کی گنجائشوں کے مطابق بقایاجات کے طور پر قابل وصول ہو گی۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔